**DIRECTORATE OF EDUCATION, GNCT DELHI**

**PRACTICE QUESTION PAPER FOR MID TERM (2026-27)**

**SUBJECT: URDU-III**

**CLASS: VIII**

**TIME: 2:30 HRS** **M.M.:60**

سوال 1۔ درج ذیل غیر درسی نثری اقتباس کو غور سے پڑھ کر اس سے متعلق پوچھے گئے سوالوں کے جوابات دیجیے۔ 5

ایمانداری ایک اچھی عادت ہے۔ سچا انسان ہمیشہ دوسروں کا بھروسہ حاصل کرتا ہے۔ اگر ہم سچ بولیں اور کسی کا نقصان نہ کریں تو لوگ ہمیں پسند کرتے ہیں۔ ایمانداری سے محنت کرنے والا شخص زندگی میں کامیاب ہوتا ہے۔ وقار کا مطلب ہے خود کو عزت سے پیش کرنا اور دوسروں کی عزت کرنا۔ جو بچے سچ بولتے ہیں، ایمانداری سے پڑھتے ہیں اور بڑوں کا احترام کرتے ہیں وہ ہر جگہ قابل قدر سمجھے جاتے ہیں۔ ہمیں چاہیے سچے ایماندار اور باوقار بنیں۔

(i) ایمانداری انسان کو کیا دیتی ہے؟

(a) کھیل (b) عزت اور وقار (c) پریشانی (d) دولت

(ii) سچا انسان دوسروں کا کیا حاصل کرتا ہے؟

(a) غصہ (b) ڈر (c) نقصان (d) بھروسہ

(iii) قابل قدر کون سمجھا جاتا ہے؟

(a) دل دکھانے والا بچہ (b) شور کرنے والا بچہ (c) سچ بولنے والا بچہ (d) متوجہ کرنے والا بچہ

(iv) ہمیں کس کا احترام کرنا چاہیے؟

(a) بڑوں کا (b) برتنوں کا (c) کھلونوں کا (d) موسموں کا

(v) مندرجہ بالا اقتباس میں کون سی عادت اچھی کہی گئی ہے؟

(a) جھوٹ بولنا (b) ایمانداری (c) بڑائی کرنا (d) قہقہہ لگانا

سوال 2۔ درج ذیل غیر درسی شعری اقتباس کو غور سے پڑھ کر اس سے متعلق پوچھے گئے سوالوں کے جوابات دیجیے۔ 5

اک دن کسی مکھی سے یہ کہنے لگا مکڑا
اس راہ سے ہوتا ہے گزر روز تمھارا
لیکن مری کٹیا کی نہ جاگی کبھی قسمت
بھولے سے کبھی تم نے یہاں پاؤں نہ رکھا
غیروں سے نہ ملیے تو کوئی بات نہیں ہے
اپنوں سے مگر چاہیے یوں کھنچ کے نہ جائے

(i) مکڑا کس سے کہنے لگا؟

(a) مکھی (b) مچھر (c) تتلی (d) چھپکلی

(ii) کس کی قسمت کبھی نہیں جاگی؟

(a) محل کی (b) کٹیا کی (c) جھونپڑی کی (d) مکان کی

(iii) راہ کے کیا معنی ہیں؟

(a) دروازہ (b) راستہ (c) راہی (d) جنگل

(iv) ان مصرعوں میں کون کس سے بات کر رہا ہے؟

(a) شاعر بچوں سے (b) مکھی مکڑے سے (c) مکڑا مکھی سے (d) جانور پرندے سے

(v) مکڑے کا اصل مقصد کیا ہے؟

(a) جال میں پھنسانا (b) دوستی کرنا (c) مدد مانگنا (d) معافی مانگنا

سوال 3۔ درج ذیل نثری اقتباس کو غور سے پڑھ کر اس سے متعلق پوچھے گئے سوالات کے جوابات دیجیے۔ 5

ایک بڑھیا جنگل بیابان میں جہاں نہ آدم نہ آدم زاد، ایک بڑے درخت کے نیچے بیٹھی تھی۔ خدا کا کرنا کیا ہوا کہ انھی دنوں جاڑا، گرمی اور برسات کا جھگڑا ہوا۔ جاڑا کہتا میں اچھا، گرمی کہتی میں اچھی، برسات کہتی میں اچھی۔ آخر یہ صلح ہوئی کہ چلو چل کر کسی آدم زاد سے پوچھیں۔ ان کا جو ادھر سے گزر ہوا تینوں نے کہا "لو بھئی، وہ سامنے ایک بڑھیا بیٹھی ہے چلو اس سے پوچھیں۔" سب سے پہلے میاں جاڑے آئے۔ گوری گوری رنگت، کلے ایسے جیسے انار کا دانہ۔ سفید لمبی داڑھی، موٹا سا روئی کا دگلہ پہنے خوب اوڑھے لپٹے آئے۔

(i) بڑھیا کہاں بیٹھی تھی؟

(a) سڑک پر (b) گھر پر (c) درخت کے نیچے (d) محل میں

(ii) یہاں پر کتنے موسموں کا ذکر کیا گیا ہے؟

(a) چار (b) دو (c) تین (d) ایک

(iii) درج ذیل اقتباس کس سبق سے لیا گیا ہے؟

(a) چچا کبابی دلی والے (b) حضرت محل (c) کندن لال سہگل (d) ایک مزے دار کہانی

(iv) سب سے پہلے کون آیا؟

(a) بی گرمی (b) بی سردی (c) میاں جاڑے (d) بی بہار

(v) دن 'کا متضاد کیا ہے؟

(a) صبح (b) شام (c) روز (d) رات

سوال 4۔ درج ذیل درسی شعری اقتباس کو غور سے پڑھ کر اس سے متعلق پوچھے گئے سوالوں کے جواب دیجئے۔ 5

میں سوئی اک شب تو دیکھا یہ خواب

بڑھا اور جس سے مرا اضطراب

یہ دیکھا کہ میں جا رہی ہوں کہیں

قدم کا تھا دہشت سے اٹھنا محال

جو کچھ حوصلہ پا کے آگے بڑھی

تو دیکھا قطار ایک لڑکوں کی تھی

(i) درج بالا شعری اقتباس کس نظم سے لیا گیا ہے؟

(a) شبنم (b) ماں کا خواب (c) دیوالی کے دیپ جلے (d) لو پھر بسنت آئی

(ii) ماں نے کس کی قطار دیکھی؟

(a) جانوروں کی (b) رشتے داروں کی (c) لڑکوں کی (d) لڑکیوں کی

(iii) شب کا متضاد کیا ہے؟

(a) صبح (b) شام (c) دوپہر (d) روز

(iv) ماں نے خواب کس وقت دیکھا؟

(a) صبح کے وقت (b) دوپہر کے وقت (c) ایک رات سوتے ہوئے (d) شام کے وقت

(v) خواب دیکھنے پر ماں پر کیا اثر ہوا؟

(a) وہ خوش ہوئی (b) سکون مل گیا (c) رونے لگی (d) اس کا اضطراب بڑھ گیا

سوال5۔ درج ذیل عنوانات میں سے کسی ایک پر 100 الفاظ پر مشتمل مضمون لکھیے۔ 5

(a) یوم آزادی (b)عید (c)موسم گرما

سوال6۔ اسکول کے پرنسپل صاحب کے نام تین دن کی چھٹی کی درخواست لکھیے۔ 5

یا

دوست کو خط لکھ کر بھائی کی شادی میں شرکت کی دعوت دیجیے۔

سوال7۔ دی ہوئی ہدایات کے مطابق سوالوں کے جواب دیجیے۔ 10

(i) نیچے دیئے ہوئے لفظوں سے صرف چار کے متضاد لکھیے۔

بھلائی، بے قراری، جواب، پرانی، شب، نور

(ii) نیچے دیئے ہوئے لفظوں سے صرف چار کے واحد لکھیے۔

قلفیاں، چوڑیاں، فاصلے، بچے، تعریفیں، گھٹائیں

(iii) نیچے دیئے ہوئے لفظوں میں سے صرف دو کو جملوں میں استعمال کیجیے۔

نور، رسم، روانی، صلاح

(iv) جن الفاظ سے کسی کام کا ہونا یا کرنا پایا جائے اسے ---------- کہتے ہیں۔ (اسم، صفت، فعل)

(v) نیچے دیئے ہوئے لفظوں میں سے صرف دو کے مذکر سے مونث لکھیے

راجا، دھوبی، شیر، والد

سوال8۔ نیچے دیئے گئے سوالات میں سے صرف تین سوالات کے جوابات لکھیے۔ 9

(i) حضرت محل کون تھیں اور ان کا اصلی نام کیا تھا؟

(ii) آتر تھی کی باتوں کا سہگل پر کیا اثر ہوا؟

(iii) مصنف نے برسات کا حلیہ کیسا بتایا؟

(iv) کے ایل سہگل نے اپنی کس خوبی سے سرکار صاحب اور بورال دا کو متاثر کیا؟

(v) بڑی بی کو نذر کی تھیلیاں کیوں ملیں؟

سوال 9۔ نیچے دیئے گئے سوالات میں سے صرف تین سوالات کے جوابات لکھیے۔ 6

(i) نظم دیوالی کے دیپ جلے کے شاعر کا نام کیا ہے؟

(ii) ماں کی بے قراری کا سبب کیا ہے؟

(iii) رات کے دل میں گھاؤ لگنے سے کیا مراد ہے؟

(iv) نظم ماں کا خواب کے شاعر کا نام کیا ہے؟

سوال 10۔ صحیح جملوں کے آگے صحیح اور غلط کے آگے غلط کا نشان لگایئے۔ 5

(i) کے۔ ایل۔ سہگل کی پہلی فلم کا نام ماں کے آنسو تھا۔

(ii) ہیرو کے رول کے لیے مناسب کردار موجود تھا۔

(iii) کے۔ ایل۔ سہگل بہت اچھا گاتے تھے۔

(iv) کے۔ ایل۔ سہگل ایک تندرست جسم کے مالک تھے۔

(v) سلمان پیر کی بات سے سہگل کو سچ مچ بہت دکھ ہوا۔